ایئر مولڈ ڈالنا اور نکالنا

ایئر مولڈ کو ڈالنے کے لیے، اسے اپنے انگوٹھے اور شہادتی انگلی کے درمیان پکڑیں اور صوتی آؤٹ لیٹ کو اپنے اندرونی کان کے قریب رکھیں۔



ایئر مولڈ کو ہلاتے جُلاتے ہوئے کان میں پورا ڈالنے کے لیے گھسائیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ایئر مولڈ کا اوپری حصہ کان کے سوراخ کے اوپری حصے کے مطابق بیٹھایا جائے۔

ایئر مولڈ ڈال لینے کے بعد، آلہ سماعت کو پہلے آگے کر کے پھر کان کی بیرونی لو کی جانب آرام دہ حالت میں چھوڑ دیں۔

کچھ افراد شیشے کے استعمال کی مدد سے ایئر مولڈ کان میں ڈالنا آسان سمجھتے ہیں اور ایک دفعہ کان کی ساخت کے مطابق ٹھیک طریقے سے ڈال لینے کے بعد آرام دہ محسوس ہوتا ہے۔

ایئر مولڈ ڈالنا اور نکالنا (گزشتہ سے پیوستہ)



ایئر مولڈ نکالنے کے لیے، اپنے کان کے پیچھے سے آلہ سماعت کو اٹھائیں اور اسے کان کے ساتھ لٹکا چھوڑ دیں۔

انگوٹھے اور شہادتی انگلی کا استعمال کرتے ہوئے، نرمی سے اپنے کان سے ایئر مولڈ کو نکالیں۔ ایئر مولڈ کو مکمل طور پر نکالنے کے لیے اسے ہلکا سا ہلائیں جلائیں۔

مزید معاونت کے لیے، QR کوڈ اسکین کریں یا درج ذیل ویب سائٹ پر ہمارا معاونتی پورٹل برائے مریض ملاحظہ کریں: **danalogic.co.uk/patient-portal**